بعد دیگرے چودہ بادشاہ قتل ہوئے۔ آپؐ کی تاریخ پیدائش کا ذکر کرتے ہوئے ۹ ربیع الاوّل کو صحیح کہا ہے اور پھر نو کے ہندسے کا امتیاز باقی ہندسوں پر ثابت کیا ہے۔ اسی طرح آپ ﷺ کے اسمائے گرامی ''محمد'' اور ''احمد'' کے معانی اور مطالب کی ندرت بیان کرتے ہوئے اسم احمد کو نماز کے ارکان کا مظہر بتایا ہے اور لکھا ہے کہ ''ا'' کی شکل قیام کی سی ہے ''ح'' کی شکل رکوع کی سی ہے ''م'' سجدے کی حالت کو ظاہر کر رہی ہے جبکہ ''د'' کی شکل نماز میں قعدے کی طرح ہے۔

آپ ﷺ کے والدین اور رضاعی ماں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''جس مولودِ مسعود کو باپ کے خون سے عبودیتِ الٰہی اور ماں کے بطن اطہر واطیب سے امن عامہ وخاصہ اور رضاعی والدہ کے دودھ سے حلم و بردباری اور سعادت کی گھٹی اور غذا ملی ہو وہ بھلا خصائل حمیدہ اور صفاتِ محمودہ سے آراستہ و پیراستہ ہو کر ساری دنیا کی زبان سے محمد و احمد کیوں نہ کہلائے!''

کتاب تحقیق و جستجو' محنت اور کوشش کا مظہر ہے۔ تحقیقی ذہن رکھنے والوں کے لئے اس کا مطالعہ مزید راہیں وا کرے گا۔ سیرت مطہرہ کے متعلق بہت سی باتیں جو کئی دوسری کتابوں میں موجود ہیں' وہ مصنف نے اس کتاب میں یکجا کر دی ہیں۔ چونکہ سیرت نویسی میں مصنف کا انداز معمول سے مختلف ہے اس لئے اس کتاب کا مطالعہ قاری کے لئے دلچسپی کا باعث بھی ہے۔

کتاب مضبوط جلد میں محفوظ ہے۔ کتابت کی غلطیاں جا بجا موجود ہیں۔ اگر کمپوزنگ کمپیوٹر پر ہوتی تو زیادہ بہتر ہوتا۔

(۳)

نام کتاب : آثارِ صالحہ

مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: 242 صفحات ...... قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: مکتبہ سید احمد شہید' اردو بازار' لاہور

مولانا عبدالقیوم حقانی کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ آثار صالحہ ان کی تازہ تصنیف ہے۔ یہ ایک پارسا عورت کی داستانِ زندگی کا مرقع ہے۔

صالحہ خاتون بنت ظہیر الدین ڈاکٹر عرفان الکریم الانصاری کی رفیقۂ حیات تھیں۔